سوال

(452) رمضان کے دنوں میں اہلیہ سے مباشرت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی رمضان کے دنوں میں اپنی اہلیہ پر واقع ہوا، اور تین دن تک ایسے کرتا رہا۔ اب اس پر کیا واجب ہے؟ اللہ آپ کو اجر دے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی شخص روزہ رکھ کر مباشرت کرتا ہے، تو یہ ایک بہت بڑی نافرمانی اور گناہ ہے۔ اس پر واجب ہے کہ اس گناہ سے توبہ کرے، ان دنوں کے روزوں کی قضا دے، اور اس کے ساتھ اس پر مغلظ (بھاری اور شدید) قسم کا کفارہ بھی واجب ہے، یعنی ایک غلام آزاد کرنا۔ اگر نہ کرسکے تو دو ماہ کے متواتر روزے رکھنا۔ اگر اس کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ ہر مسکین کو آدھا صاع (اڑھائی کلو) طعام ملنا چاہیئے، اور جتنے دن یہ کام کیا، اتنے دن کا کفارہ ادا کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 355

محدث فتویٰ